## سوال

(354) صف مکمل ہونے پر اکیلا شخص کہاں کھڑا ہو؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر جماعت کھڑی ہو اور پہلی صف مکمل ہو چکی ہو تو بعد میں آنے والے کو کیا کرنا چاہیے؟ کیا کسی آدمی کو پیچھے کھینچا جا سکتا ہے کہ نہیں؟ اگر کھینچا جا سکتا ہے تو بتائیں کہ درمیان سے یا ایک طرف سے اگر آدمی کو پیچھے کھینچنے کے بغیر نماز اکیلے ہی پڑھ لی جائے تو وہ نماز بعد میں دہرانا پڑے گی یا کہ ہو جائے گی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جماعت کے ساتھ بعد میں ملنے والا صف میں سے جہاں سے ممکن ہو آدمی پیچھے کھینچ لے اکیلا نہ پڑھے ممنوع ہے۔ اس سلسلہ میں میرا ایک تفصیلی فتویٰ اور برادرِ محترم قاری نعیم الحق نعیم صاحب کا مضمون مزید وضاحت سے ہفت روزہ ''الاعتصام'' کے ایک ہی شمارہ میں چند ماہ قبل طبع ہو چکے ہیں۔ مزید بسط (تفصیل) کے لیے انتہائی مفید ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 327

محدث فتویٰ